رویہ جاتی صحت (Behavioral Health, BH) بحران کی خدمات

اس معلوماتی خاکے میں دکھایا گیا ہے کہ رویہ جاتی صحت کے بحران کا سامنا کرنے والے نیو یارک کے باشندے نگہداشت تک کیسے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

BH کے بحران کا شکار ایک فرد **سڑک یا سب وے پر رہتا ہے۔**

311 پر کال کی جاتی ہے۔

بے گھر افراد کی مدد کرنے والی ٹیمیں (Homeless Outreach Teams) رہائش کے حل تلاش کرنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں۔

BH کے بحران کا شکار ایک فرد۔

988 پر کال کی جاتی ہے اور یہ خطرے کی تشخیص کرنے اور صورتحال کو سنبھالنے کا کام کرتے ہیں۔ کالرز کو درپیش خطرے اور ضرورت کی بنیاد پر کاؤنسلرز خدمات تک ان کی رہنمائی کر سکتے ہیں۔

بحران سے نمٹنے والی گشتی ٹیمیں (Mobile Crisis Teams, MCTs) ایسے افراد کی معاونت کرتی ہیں، جو BH کے بحران کا سامنا کر رہے ہوں اور نگہداشت حاصل کرنے سے قاصر ہوں یا انکار کر دیں۔

بحران کی رہائش گاہیں اور **سپورٹ اینڈ کنیکشن سنٹر** نفسیاتی اسپتال میں داخلے کا متبادل فراہم کرتے ہیں۔

آؤٹ پیشنٹ سروسز ایسے افراد کو بحران میں مدد فراہم کر سکتی ہیں جو پہلے سے کسی کلینک میں زیر علاج ہوں۔

جامع نفسیاتی ایمرجنسی پروگرامز (Comprehensive Psychiatric Emergency Programs, CPEPs) اور **نفسیاتی ہنگامی شعبہ جات** ہسپتال کے ماحول میں ہنگامی نفسیاتی نگہداشت فراہم کرتے ہیں۔

مشترکہ کارروائی کی ٹیمیں (Co-Response Teams, CRTs) ایسے افراد کو بحران سے پہلے اور بعد میں مدد فراہم کرتی ہیں جو BH کے مسائل کا شکار ہوں اور خود کو یا دوسروں کو نقصان پہنچانے کے خطرے میں مبتلا ہوں۔

BH کے بحران کا شکار ایک فرد **عوام کے تحفظ کا مسئلہ کھڑا کر دیتا ہے۔**

911 پر کال کی جاتی ہے۔

پولیس کارروائی کرتی ہے۔

ہنگامی طبی سروسز ہنگامی جائزے اور ممکنہ داخلے کے لیے ہسپتال تک پہنچانے کی سہولت فراہم کرتی ہیں۔

بیہیویئرل ہیلتھ ایمرجنسی اسسٹنس ریسپانس ڈویژن (Behavioral Health Emergency Assistance Response Division, B-HEARD) ایسے افراد جو BH کے بحران کا شکار ہوں کی معاونت کرتا ہے، صورت حال کو قابو کرتا ہے اور فوری نگہداشت فراہم کرتا ہے۔

خدمات کی تفصیل

بے گھر افراد کی مدد کرنے والی ٹیمیں (Homeless Outreach Teams)

- ہر عمر کے افراد کو سروس فراہم کرتی ہیں
- فوری مدد، پناہ گاہ تک نقل و حمل اور کیس کی حاری مینحمنٹ کی پیشکش کرتی ہیں
- رات بھر کی خصوصی رہائش اور استحکام کے بیڈز تک رسائی فراہم کرتی ہیں
- ایسے طبی اور BH کے بحرانوں کا حائزہ لیتی ہیں حنہیں ہنگامی ردعمل کی ضرورت ہو سکتی ہو
- خدمات فراہم کرنے کے لیے بیمہ کی ضرورت نہیں ہوتی اور حن کے پاس بیمہ موحود ہو، انہیں بل نہیں دیا حاتا

بحران سے نمٹنے والی گشتی ٹیمیں (Mobile Crisis Teams, MCTs)

- ہر عمر کے افراد کو سروس فراہم کرتی ہیں
- بحران میں معاونت، صورتحال پر قابو پانے، حائزہ لینے اور BH کے حاری علاج اور معاونت سے حوڑنے کی خدمات فراہم کرتی ہیں
- خدمات فراہم کرنے کے لیے ذہنی بیماری یا منشیات کے استعمال کے کسی تشخیص شدہ مسئلے کی ضرورت نہیں ہوتی
- یہ سروس صبح 8 تا شام 8 بحے تک، ہفتے کے ساتوں دن کھلی ہوتی ہے اور عام طور پر 988 سے ریفرلز موصول ہونے کے حند گھنٹوں کے اندر حواب دیتی ہے
- BH بحران کے شکار فرد سے ایک سے تین بار رابطہ کیا حاتا ہے، حو کہ ایک سے دو ہفتوں کے دوران ہوتا ہے۔
- ان میں BH معالحین اور ہم پلہ افراد شامل ہوتے ہیں
- خدمات فراہم کرنے کے لیے بیمہ کی ضرورت نہیں ہوتی مگر حن کے پاس بیمہ موحود ہو، انہیں بل دیا حاتا

بحران کی رہائشیں

- گھر حیسی، غیر رسمی، کھلے دروازے کی حگہ اور ہم پلہ افراد کی 24/7 مدد فراہم کی حاتی ہے
- انفرادی اور گروپ سپورٹ فراہم کی حاتی ہے اور حاری علاج و بحالی کی خدمات سے حوڑا حاتا ہے

معاونت اور مربوط کرنے کا مرکز

- ۱۸ سال اور اس سے زائد عمر کے افراد کو خدمات فراہم کی حاتی ہیں
- BH کی خدمات فراہم کی حاتی ہیں، حن میں اسکریننگ اور حائزے، مشاورت کی خدمات، قلیل مدتی کیس مینحمنٹ، حاری طبی اور سماحی نگہداشت سے مربوط کرنا، طبی نگرانی میں منشیات کے استعمال سے پرہیز کی خدمات اور نیلوکزون تک رسائی شامل ہیں۔
- دیگر خدمات تک رسائی فراہم کی حاتی ہے، مثلاً کھانا پینا، غسل، کپڑے دھونا، رات گزارنے کی پناہ گاہ اور ہم پلہ افراد کی حانب سے معاونت

آؤٹ پیشنٹ خدمات

- ہر عمر کے افراد کو سروس فراہم کرتی ہیں
- نفسیاتی معائنہ، ادویات کے انتظام اور تھراپی کی خدمات بالمشافہ اور ٹیلی ہیلتھ کے ذریعے فراہم کی حاتی ہیں

جامع نفسیاتی ایمرجنسی پروگرامز (Comprehensive Psychiatric Emergency Programs, CPEPs) اور نفسیاتی ہنگامی شعبہ جات

- ہر عمر کے افراد کو سروس فراہم کرتی ہیں
- نفسیاتی حائزہ اور ہنگامی علاج فراہم کیا حاتا ہے
- نفسیاتی ماہرین فیصلہ کرتے ہیں کہ آیا کسی فرد کو نفسیاتی علاج کے لیے ہسپتال میں داخل کرنا ضروری ہے یا نہیں
- CPEPs میں ایسی اضافی خصوصیات موحود ہوتی ہیں حو روایتی نفسیاتی ہنگامی شعبہ حات میں نہیں ہوتیں، مثلاً مشاہدے کے توسیع شدہ بیڈز اور مریضوں کے لیے کمیونٹی آؤٹ ریچ

مشترکہ کارروائی کی ٹیمیں (Co-Response Teams, CRTs)

- خدمات فراہم کرنے کے لیے ذہنی بیماری یا منشیات کے استعمال کے کسی تشخیص شدہ مسئلے کی ضرورت نہیں ہوتی
- ریفرل کے بعد عام طور پر 24 گھنٹوں کے اندر کارروائی
- خدمات 90 دن تک فراہم کی حاتی ہیں، حس کا انحصار ضرورت پر ہوتا ہے
- عملہ ایک BH پیشہ وارانہ ماہر اور دو پولیس افسران پر مشتمل ہوتا ہے

بیہیویئرل ہیلتھ ایمرجنسی اسسٹنس ریسپانس ڈویژن (Behavioral Health Emergency Assistance Response Division, B-HEARD)

- یہ ہر ہفتے سات دن، دن میں 16 گھنٹے Harlem, Washington Heights, Inwood اور South Bronx کے بعض حصوں میں کام کرتا ہے
- ٹیموں میں پیرامیڈکس شامل ہوتے ہیں حن کے پاس BH کے مختلف مسائل، بشمول خودکشی کے خیالات، منشیات کے استعمال اور ذہنی بیماریوں (مثلاً سنگین ذہنی بیماری) میں مدد کرنے کا تحربہ موحود ہوتا ہے
- ہنگامی حالات مثلاً حہاں کسی کے پاس ہتھیار موحود ہو یا اسے خود کو یا دوسروں کو نقصان پہنحانے کا خطرہ ہو، تو وہاں پر پولیس افسران اور ایک ایمبولینس روانہ کی حاتی ہے